شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰ (۹۱-۱۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷-(۹۱-۱۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

13 فروری 2014:

امریکی سفیر نینسی جے پاویل نے آج گاندھی نگر میں وزیر اعلیٰ نریندر مودی سے ملاقات کی۔ یہ میٹنگ آئندہ قومی انتخابات سے قبل ہندوستان کی بڑی سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنماؤں سے امریکی مشن کے رابطے کا حصہ تھی۔ اپنے گجرات دورے کے دوران سفیر پاویل غیر سرکاری تنظیموں اور امریکی و ہندوستانی تجارت کے نمائندوں سے ملاقات کریں گی۔ اُن کی بات چیت امریکہ-ہندوستان رشتے کی اہمیت، علاقائی سلامتی معاملات، حقوق انسانی، اور ہندوستان میں امریکی تجارت اور سرمایہ کاری پر مرکوز ہیں۔

امریکہ اور ہندوستان وسیع اور گہری اسٹریٹجک شراکت داری کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔ سفیر پاویل نے امریکہ اور ہندوستان کے بیچ رشتے پر خیالات شیئر کرنے اور سننے کا گزشتہ نومبر سے آغاز کیا ہے۔ وہ مسلسل اس بات پر زور دیتی ہیں کہ امریکہ، ہندوستان رشتے اہم اور اسٹریٹجک ہیں، اور یہ کہ امریکہ اُس حکومت کے ساتھ ملکر کام کرنے کا منتظر ہے جسے ہندوستانی عوام آئندہ انتخابات میں منتخب کریں گے۔

☆☆☆